10694 ـ قرآن کریم کا ترجمہ کفار کو بطور ھدیہ دینا

سوال

میں کچھ عیسائ اور آزاد فکر کے لوگوں کو اسلام قبول کروانے کوشش کررہا ہوں ، ان پر قرآن مجید کے محتویات کے اہتمام کا اظہار بھی ہورہا ہے ، انہوں نے انجیل پڑھی اور ان کا یہ ایمان ہے کہ وہ مقدس کتاب ہے ، لیکن اس میں کچھ تعارضات بھی پائے جاتے ہیں ۔
تو اس کے مقابلے میں نے انہیں یہ کہا کہ قرآن مجیدمیں کسی بھی قسم کا تعارض نہیں پایا جاتا ، اور یہ کہ قرآن مجید ان سب معلومات پر مشتمل ہے جنہیں جاننا ضروری ہے اور ان معلومات پربھی جو کہ اس دنیا اور آخرت کے متعلقہ معلومات بھی اس میں پائ جاتی ہیں ۔
لیکن ابھی تک وہ اس مرحلہ پر نہیں پہنچے کہ وہ اسے قبول کرلیں ، تو ایک وسیلہ کی بناء پر میں چاہتا ہوں کہ میں نے جو کچھ ان کے سامنے ذکر کیا ہے اس کے ثبوت کے لیے ہر ایک کے لیے قرآن کریم کا ترجمہ خرید لوں جو کہ محمد اسعد کا کیا ہوا ہے ، انہوں نے مجھ سے یہ نسخہ پڑھنے اوربعد میں اپنی رائے بتانے کا وعدہ کیا ہے ، تو کیا آپ کے خیال میں یہ اچھی سوچ ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

الحمدللہ

یہ ترجمہ نہ توقرآن کریم اور نہ ہی ہرلحاظ سے اس کے قائم مقام شمار ہوگا بلکہ جس طرح قرآن کریم کی عربی میں شرح اور تفسیر جو کہ صرف معانی کو سمجھنے اور بیان کرنے کے لیے ہوتی ہے یہ بھی اسی طرح ہے ۔

لھذا اس بنا پر قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر غیر مسلموں کے لیے چھونا جائز ہو گا جس طرح کہ ان کے لیے عربی زبان میں تفسیر اور ترجمہ چھونا جائز ہے ۔ فتاوی اللجنۃ الدائمۃ (4 / 133) ۔

تو اس بناپر یہ ترجمہ انہیں ھدیہ دیا جاسکتا ہے ، اللہ تعالی ہمیں اور آپ کواپنے راہ کی طرف دعوت دینے کی توفیق عطافرمائے ۔

اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں برسائے

واللہ تعالی اعلم ۔ .